جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کا دورہ بلوچستان:

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے لاہور اسلام آباد کے تاریخی لانگ مارچ کی کامیابی کے بعد ۱۴ تا ۱۵ جولائی کوئٹہ تا چمن بارڈر کے لانگ مارچ میں شرکت کی۔ اور تین دن بلوچستان میں قیام فرمایا۔ اس دوران مختلف علماء دارالعلوم حقانیہ کے فضلاء اور جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں سے تفصیلی ملاقاتیں کیں۔ اور بعد میں آپ نے دو دن لانگ مارچ کے جلوس کی قیادت کی۔ شدید گرمی اور پیرانہ سالی کے باوجود الحمدللہ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کا عزم استعمار کے خلاف تر وتازہ ہے۔ بعد میں آپ نے چمن میں حضرت مولانا عبدالغنی ؒ قدیم فاضل دارالعلوم حقانیہ کے جامعہ میں جا کران کے فرزندوں سے تعزیت کی۔

ٹی وی نیوز چینل ''وقت'' کی ٹیم کی دارالعلوم آمد:

پاکستان کے نامور اور کثیرالاشاعت اخبار روزنامہ ''نوائے وقت'' کے زیر انتظام چلنے والے ٹیلی ویژن چینل ''وقت'' کی ٹیم گزشتہ دنوں دارالعلوم حقانیہ تشریف لائی اور انہوں نے نیٹو سپلائی کے خلاف دفاع پاکستان اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی کوششوں کے متعلق ایک گھنٹے کا تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ جسے ۲۳ رجولائی کی رات گیارہ بجے پوری دنیا میں نشر کیا گیا۔

برطانوی اخبار ''ٹیلی گراف'' کے نمائندے کی دارالعلوم آمد:

اسی طرح حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات اور انٹرویو کیلئے معروف برطانوی اخبار ٹیلی گراف کے نمائندے دارالعلوم تشریف لائے اور انہوں نے اپنے اخبار کیلئے حضرت مولانا مدظلہ سے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ مولانا نے اس موقع پر پاکستان اور عالم اسلام کو درپیش چیلنجز کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

دارالعلوم کے مخلص حضرت مولانا سعیداللہ جانؒ کی وفات

ضلع چارسدہ اور مردان کے معروف عالم دین اور جمعیت علماء اسلام کے باصلاحیت ومخلص رہنما حضرت مولانا سعیداللہ جانؒ گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ آپ انتہائی باصلاحیت اور اعلیٰ اخلاق کے حامل شخصیت تھے۔ مردان کے نامور مدرسہ کے مہتمم اور شیخ الحدیث تھے۔ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ آپ کی تعزیت کے سلسلے میں ان کے گاؤں چارسدہ تشریف لے گئے اور ان کے پسماندگان اور خصوصاً مولانا احتشام سے تعزیت کی۔